حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِىْ يُبَلِّغُنِىْ

تیری محبت اور اس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتا ہو اور وہ کام جو مجھ کو تیری محبت

حُبَّكَ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَىَّ مِنْ نَّفْسِىْ

نصیب کرے، الٰہی میرے دل میں اپنی محبت اپنی جان اپنے گھر والے اور ٹھنڈے

Scanned by CamScanner

وَاَهْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ

پانی کی محبت سے بھی زیادہ پیاری بنادے۔ الٰہی مجھ کو اپنی محبت دے اور اس کی محبت

وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِیْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ. اَللّٰهُمَّ فَكَمَا

دے جس کے ساتھ محبت میرے لئے تیرے دربار میں کارآمد ہو، الٰہی جیسا تو نے مجھ کو میری

رَزَقْتَنِیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ.

پسندیدہ نعمتیں عطا فرما دیں تو اب انکو ایسے کاموں کی ادائیگی میں قوت کا باعث بھی بنادے جو تجھکو پسند ہوں

اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا

الٰہی جن میری پسندیدہ نعمتوں کو تو نے مجھ سے روک لیا ہے تو اب انکے خیال سے بھی تو میرے دل کو خالی

لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِيْنِكَ.

کر کے ایسے کاموں میں لگا دے جو تجھکو پسند ہوں، اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ

الٰہی میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو نہ چھوٹے اور اس نعمت کا طالب ہوں جو ختم نہ ہو اور اپنے نبی

وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْٓ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت چاہتا ہوں جنت کے سب سے اونچے درجے میں جو ہمیشہ رہنے

اَعْلٰی دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ۔ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ

کی جنت ہے۔ الٰہی جو علم تو نے مجھ کو سکھایا ہے اس سے تو مجھکو نفع بھی دینا اور وہ علم سکھلانا

Scanned by CamScanner

بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا.

جو مجھ کو نفع ہی نفع دے اور مجھ کو اور زیادہ علم عطا فرما۔ تمام تعریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ وَّاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ

اللہ تعالیٰ کے لئے ہے ہر حالت میں اور میں اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا

حَالِ اَهْلِ النَّارِ۔ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَیْبَ وَ

ہوں دوزخیوں کے حال سے۔ الٰہی اپنے علمِ غیب کی برکت سے اور مخلوق

قُدْرَتِكَ عَلَی الْخَلْقِ اَحْیِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَیٰوةَ

پر اپنی قدرت کے وسیلے سے مجھ کو زندہ رکھنا اس وقت تک جب تک تو میری زندگی

خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَیْرًا لِّیْ، وَ

میرے لئے بہتر جانے اور مجھکو اٹھالینا۔ اس وقت جب تو میرے لئے مرنا بہتر جانے۔

اَسْئَلُكَ خَشْیَتَكَ فِی الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرا ڈر غائب اور حاضر ہر حالت میں اور اخلاص

الْاِخْلَاصِ فِی الرِّضَآءِ وَالْغَضَبِ، وَاَسْئَلُكَ الْقَصْدَ

کی بات خوشی میں بھی غصہ میں بھی اور تجھ سے میانہ روی کا

فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰی وَاَسْئَلُكَ نَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ

طالب ہوں تنگدستی میں بھی اور دولت مندی میں بھی اور تجھ سے

وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُكَ الرِّضَآءَ بِالْقَضَآءِ

مانگتا ہوں وہ نعمت جو ختم نہ ہو اور آنکھ کی وہ ٹھنڈک جو زائل نہ ہو اور تجھ سے تیرے حکم پر

وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ

خوش رہنا، اور مرنے کے بعد آرام کی زندگی مانگتا ہوں اور تیرے روئے (انور) کے دیدار کی لذت

وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ

اور تیری ملاقات کے شوق کا طلب گار ہوں اور تیری پناہ لیتا ہوں ایسی مصیبت سے جو

وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ

نقصان رساں ہو، اور ایسے فتنے سے جو گمراہ کردے، الٰہی میں تجھ سے ہر بھلائی مانگتا ہوں جو

كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۔

جلدی ملنے والی ہو اور جو دیر میں ملنے والی ہو، اور جس کو میں جانتا ہوں اور جسکو نہیں جانتا

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ

اور تجھ سے تمام برائیوں سے پناہ چاہتا ہوں جو جلدی ملنے والی ہے اور جو دیر میں ملنے والی ہے جس

مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ

کو میں جانتا ہوں اور جس کو نہیں جانتا۔ اے اللہ میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور ہر وہ قول

اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ

و عمل جو مجھ کو اس سے قریب کردے اور تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور ہر اس

Scanned by CamScanner

إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَّ أَسْئَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ

قول وعمل سے جو مجھ کو اس سے قریب کردے اور تجھ سے سوال کرتا ہوں یہ کہ تو ہر فیصلہ میرے

قَضَاءٍ لِّيْ خَيْرًا وَّ أَسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ أَمْرٍ أَنْ

حق میں بہتر کردے اور تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ جو فیصلہ بھی تو میرے حق میں فرما چکا

تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا. اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي

ہو تو اس کا انجام بہتر بنا دینا، الٰہی ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما

الْأُمُوْرِ كُلِّهَا وَ أَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ

اور ہمکو دُنیا کی رُسوائی اور آخرت کے عذاب سے

الْآخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ قَائِمًا وَّ

پناہ دینا۔ الٰہی میری نگرانی فرمانا اسلام پر قائم رکھ کر جب میں کھڑا

احْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ قَاعِدًا وَّ احْفَظْنِيْ بِالْإِسْلَامِ

ہوں اور میری نگرانی فرمانا اسلام پر قائم رکھ کر جب میں بیٹھا ہوں اور جب سوتا

رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا. اَللّٰهُمَّ

ہوں اور مجھ پر کسی دشمن یا حاسد کو ہنسی اڑانے کا موقع نہ دینا، اے اللہ میں

إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهٗ بِيَدِكَ وَ

تجھ سے مانگتا ہوں ہر قسم کی بھلائی جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں، اور

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ وَاَعُوْذُ

تیری پناہ لیتا ہوں تمام برائیوں سے جن کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور تیری پناہ

بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ

لیتا ہوں اس چیز کے شر سے بھی جس کی پیشانی کو تو نے پکڑ رکھا ہے، الٰہی میں تجھ سے

اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّ

چاہتا ہوں صاف زندگی اور آسان موت اور

مَرَدًّا غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ

ایسی لوٹنے کی جگہ جہاں نہ رسوائی ہو نہ خواری، الٰہی میں

ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِىْ رِضَاكَ ضَعْفِىْ وَخُذْ اِلَى

کمزور ہوں تو اپنی رضا جوئی میں میری کمزوری کو قوت سے بدل دے اور

الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِىْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى

بھلائی کی طرف میری پیشانی پکڑ کر لے چل اور اسلام کو میری خوشی کا مرکز

رِضَائِىْ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِىْ وَاِنِّىْ

بنا دے۔ الٰہی میں تو کمزور ہوں تو مجھے قوی بنا دے، میں تو

ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِىْ وَاِنِّىْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِىْ ۞

ذلیل ہوں تو مجھے عزت والا بنا دے، میں تو محتاج ہوں تو مجھے رزق عطا فرما۔

المنزل الرابع فی یوم الثلثاء

چوتھی منزل منگل کی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ خَیْرَ الْمَسْاَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَآءِ وَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں سب سے اچھا سوال اور اچھی دُعا اور

خَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ وَخَیْرَ

عمدہ سے عمدہ کامیابی اور نیک عمل اور عمدہ ثواب اور عمدہ سے عمدہ

الْحَیٰوةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ

زندگی اور اچھی سے اچھی موت اور یہ بات کہ مجھے ثابت قدم رکھ

وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلٰوتِیْ

اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری کردے اور میرا ایمان مضبوط فرما اور میرا درجہ بلند کر اور میری نماز

وَاغْفِرْ خَطِیْٓئَتِیْ وَاَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ

قبول فرما اور میرے گناہ بخشدے اور تجھ سے جنت کے اُونچے اُونچے درجوں کا

الْجَنَّةِ (اٰمِیْنَ)، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَ

طالب ہوں۔ آمین اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں نیک عمل کی ابتدائیں اور

Scanned by CamScanner

خَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَكَوَامِلَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَ

اس کی انتہائیں اور اس کے خلاصے اور پورا اور کامل کرنیوالی چیزیں اور اسکا اوّل اور

ظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ. اٰمِيْن،

اس کا آخر، اس کا ظاہر اور اس کا باطن اور جنّت کے اُونچے اُونچے درجے ۔ آمین

اَللّٰهُمَّ نَجِّنِىْ مِنَ النَّارِ وَاغْفِرْ لِىْ مَغْفِرَةً بِاللَّيْلِ وَ

اے اللہ دوزخ کی آگ سے مجھے نجات عطا فرما اور مجھے بخش دے ایسی بخشش جو رات

النَّهَارِ وَاَعْطِنِى الْمَنْزِلَ الصَّالِحَ مِنَ الْجَنَّةِ. اٰمِيْن،

میں بھی ہو اور دن میں بھی اور جنّت میں عمدہ مکان نصیب فرما۔ آمین

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْأَلُكَ خَلَاصًا مِّنَ النَّارِ سَالِمًا وَّاَنْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں چھٹکارا دوزخ کی آگ سے سلامتی کے ساتھ اور یہ بات کہ مجھکو

تُدْخِلَنِى الْجَنَّةَ اٰمِنًا. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا

جنت میں داخل فرمانا امن کے ساتھ (یعنی بغیر عذاب دیئے) اے اللہ میں تجھ سے مانگتا

اٰتِىْ وَخَيْرَ مَا اَفْعَلُ وَخَيْرَ مَا اَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ

ہوں بھلائی اپنے کردار اور اپنے ہر فعل اور عمل کی اور جو چیزیں پوشیدہ ہیں

وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ. اٰمِيْن،

اور جو ظاہر ہو چکی ہیں اور بلند درجے جنّت کے ۔ آمین

Scanned by CamScanner

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِیْ وَتَضَعَ وِزْرِیْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ میرا ذکر بلند فرما اور میرے گناہ (میری گردن سے)

وَتُصْلِحَ اَمْرِیْ وَتُطَهِّرَ قَلْبِیْ وَتُحَصِّنَ فَرْجِیْ وَتُنَوِّرَ

اتار دے اور میرے کام درست فرما اور میرے دل کو پاک کردے اور میری شرمگاہ کو محفوظ

لِیْ فِیْ قَبْرِیْ وَتَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ

رکھ اور میری قبر کو منور کردے اور میرے گناہ بخشدے اور میں تجھ سے مانگتا

الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ اَنْ

ہوں جنت کے بلند درجے۔ (آمین) اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو مجھکو

تُبَارِكَ لِیْ فِیْ سَمْعِیْ وَفِیْ بَصَرِیْ وَفِیْ رُوْحِیْ وَفِیْ

برکت عطا فرما میری سماعت میں، میری بصارت میں، میری روح میں، میری شکل و

خَلْقِیْ وَفِیْ خُلُقِیْ وَفِیْۤ اَهْلِیْ وَفِیْ مَالِیْ وَفِیْ مَحْیَایَ

صورت میں، میری عادت میں، میری بیوی بچوں میں، میرے مال میں اور میری

وَفِیْ مَمَاتِیْ وَفِیْ عَمَلِیْ. اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِیْ وَ

زندگی میں، میری موت میں اور میرے عمل میں، اے اللہ میری نیکیاں قبول فرما

اَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ. اٰمِیْنَ،

اور میں تجھ سے جنت میں اونچے اونچے درجوں کا طالب ہوں۔ آمین

Scanned by CamScanner

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَ

اے اللہ میرا سب سے زیادہ فراغت کا رزق میرے بڑھاپے اور میری

اِنْقِطَاعِ عُمْرِيْ يَا مَنْ لَّا تَرَاهُ الْعُيُوْنُ وَلَا تُخَالِطُهُ

آخر عمر میں مقدر فرمادے، اے وہ ذات جسکو آنکھیں نہیں دیکھ پاتیں اور جس کو

الظُّنُوْنُ وَلَا يَصِفُهُ الْوَاصِفُوْنَ وَلَا تُغَيِّرُهُ الْحَوَادِثُ

خیالات نہیں پاسکتے اور نہ بیان کرنیوالے اس کی حمد وثنا بیان کر سکتے ہیں اور نہ

وَلَا يَخْشَى الدَّوَآئِرَ يَعْلَمُ مَثَاقِيْلَ الْجِبَالِ وَمَكَائِيْلَ

زمانے کے حوادث اس میں کوئی اثر پیدا کر سکتے ہیں اور نہ وہ گردش زمانہ سے ڈرتی ہے

الْبِحَارِ وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ

پہاڑوں کے وزن، دریاؤں کے پیمانے، بارشوں کے قطرے اور درختوں کے پتے

وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ

سب اس کے علم میں ہیں جو ان سب چیزوں کو جانتی ہے جس پر رات کی تاریکی چھاتی ہے اور

وَلَا تُوَارِيْ مِنْهُ سَمَآءٌ سَمَآءً وَّلَا اَرْضٌ اَرْضًا وَّلَا

دن روشنی ڈالتا ہے جس سے آسمان دوسرے آسمان کو چھپا نہیں سکتا اور نہ زمین دوسری

بَحْرٌ مَّا فِيْ قَعْرِهٖ وَلَا جَبَلٌ مَّا فِيْ وَعْرِهٖ اجْعَلْ

زمین کو اور نہ سمندر اس چیز کو چھپا سکتے ہیں جو ان کی تہ میں ہے اور نہ پہاڑ جو انکے پتھریلے جگہ میں ہے

خَيْرَ عُمُرِىْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِىْ خَوَاتِمَهٗ وَخَيْرَ اَيَّامِىْ

میری عمر کا بہترین حصہ آخر عمر میں اور میرے سب سے اچھے عمل خاتمے کے وقت مقدر فرما دے اور میرے دنوں میں سب سے

يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ يَا وَلِىَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِىْ بِهٖ

بھلا دن وہ بنا دے جس میں تجھ سے ملوں یعنی قیامت اے اسلام اور اہل اسلام کے مالک مجھے اسلام پر قائم

حَتّٰٓى اَلْقَاكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ غِنَاىَ وَغِنَا مَوْلَاىَ.

رکھنا یہاں تک کہ میں تجھ سے ملوں۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اپنا غنا اور اپنے متعلقین کا غنا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ وَارْحَمْنِىْ وَاَدْخِلْنِى الْجَنَّةَ. اَللّٰهُمَّ

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل فرما دے۔ اے اللہ

اجْعَلْنِىْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِىْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِىْ فِىْ عَيْنِىْ

مجھے اعلیٰ درجہ کا صبر کرنیوالا اور نہایت شکر گذار بندہ بنا دے اور مجھے اپنی نظروں میں چھوٹا

صَغِيْرًا وَّفِىْٓ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

اور دوسروں کی نظروں میں بڑا بنا دے۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا

اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّرِزْقًا حَلَالًا

ہوں وہ علم جو فائدہ دے اور ایسا عمل جو مقبول ہو اور وہ رزق جو حلال اور ستھرا

طَيِّبًا. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِىْ وَاسْتَهْدِيْكَ

ہو۔ اے اللہ میں تجھ سے اپنے گناہوں کی بخشش کا طالب ہوں اور اپنے معاملہ میں کامیابی کی

لِمَرَاشِدِ اَمْرِیْ وَاَسْتَجِیْرُكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ

راہوں کی ہدایت مانگتا ہوں اور اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ ڈھونڈھتا ہوں اور تیرے

اِلَیْكَ فَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ ۔ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ

سامنے توبہ کرتا ہوں تو میری توبہ قبول فرمالے کیونکہ یقیناً تو ہی میرا پروردگار ہے۔ اے اللہ تو میرے دل کی

رَغْبَتِیْٓ اِلَیْكَ وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ صَدْرِیْ وَبَارِكْ

رغبت اپنی ذاتِ پاک کی طرف کردے اور مجھے قلبی غنا بخشدے اور جو رزق تو نے میرے لئے

لِیْ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ فَتَقَبَّلْ مِنِّیْٓ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ یَا

مقدر فرمادیا ہے اسمیں برکت عطا فرمادے اور مجھ ناچیز کا عمل قبول فرمالے کیونکہ تو ہی میرا پروردگار

مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِیْلَ وَسَتَرَ عَلَی الْقَبِیْحِ یَا مَنْ لَّا

ہے۔ اے وہ ذات جس نے خوبیاں سب ظاہر کردیں اور میری برائیاں چھپالیں۔ اے وہ ذات

یُؤَاخِذُ بِالْجَرِیْرَةِ وَلَا یَهْتِكُ السِّتْرَ یَا عَظِیْمَ

جو ہر جرم پر گرفت نہیں کرتی اور پردہ دری نہیں فرماتی۔ اے بڑے معاف کرنیوالے اے سب سے بہتر اور

الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ یَا

درگذر کرنیوالے اے بڑی مغفرت فرمانے والے اے رحمت کرنے کیلئے دونوں ہاتھوں کو پھیلانے والے

بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالرَّحْمَةِ یَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰی

اے سرگوشی کے جاننے والے اے ہر شکایت کیلئے آخری بارگاہ اے بڑے درگذر فرمانے والے

Scanned by CamScanner

يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ

اے بڑے احسان فرمانیوالے، اے نعمتوں کے استحقاق کے بغیر اپنی طرف سے نعمت فرمانے

يَا مُبْدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا

والے، اے ہمارے پروردگار، اے ہمارے سردار، اے ہمارے مالک اور اے ہماری خواہش کا آخری

وَيَا مَوْلَانَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ

مقصود، اور اے میرے خدا میں تجھ سے بس یہ مانگتا ہوں کہ میرے

لَّا تَشْوِيْ خَلْقِيْ بِالنَّارِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ

جسم کو آگ میں نہ جلانا، اے اللہ میں تجھ سے تیری

فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَاِنَّهٗ لَا يَمْلِكُهَا اِلَّا اَنْتَ. اَللّٰهُمَّ

رحمت اور تیرے فضل کا طالب ہوں کیونکہ اس کا مالک سوائے تیرے کوئی نہیں

اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ

اے اللہ تونے میری صورت اچھی بنائی تو اخلاق بھی اچھے بنادے، اے اللہ بخشدے اور

وَاهْدِنِي السَّبِيْلَ الْاَقْوَمَ. اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ

رحم فرمادے اور سب سے صحیح راستہ نصیب فرما، اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَذْهِبْ عَنِّيْ

کے رب میرے گناہ بخشدے اور میرے دل سے غصہ کی عادت

غَيْظَ قَلْبِىْ وَاَجِرْنِىْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَآ اَحْيَيْتَنَا.

نکالدے اور جب تک مجھے زندہ رکھ گمراہ کرنیوالے فتنوں سے اپنی پناہ میں رکھ

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِىْ طَيِّبًا وَّاسْتَعْمِلْنِىْ طَيِّبًا. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

اے اللہ مجھے رزق حلال دے اور مجھے اچھے عمل میں لگائے رکھ، اے اللہ میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ.

کسی سبب کے بغیر بھلائی کا طالب ہوں اور ناگہانی شر سے تیری پناہ لیتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ

اے اللہ تیرا نام سلام ہے اور سلامتی تیری ہی جانب سے آتی ہے اور تیری ہی طرف

اَسْئَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ

لوٹتی ہے، میں تجھ سے مانگتا ہوں اے بزرگی اور بخشش والے، یہ بات کہ تو ہماری دُعا

لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ

قبول فرمالے اور ہماری آرزوئیں تو ہی پوری فرمادے، اور اپنی مخلوق میں سے جسکو ہمارا محتاج

اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ رَبِّ قِنِىْ عَذَابَكَ

نہیں کیا ہمکو بھی اس سے بے نیاز فرمادے، اے رب جس دن تو اپنے بندوں کو قبروں سے اُٹھائیگا

يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ. اَللّٰهُمَّ خِرْلِىْ وَاخْتَرْلِىْ.

اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچالینا۔ اے اللہ تو ہی میرے لئے پسند فرما اور تو ہی جو بہتر ہو مجھے چھانٹ کر دیدے

Scanned by CamScanner

(وَفِی الصَّحِیْحِ کَانَ اَکْثَرُ دُعَآءِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ)

اور صحیح حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر دعا یہ ہوتی تھی

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اے ہمارے پروردگار ہمکو دُنیا میں بھی نیکی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور دوزخ کے

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَمَالِیْ وَ

عذاب سے ہمکو بچالے، میری جان پر اللہ تعالیٰ کے نام پاک کی برکت نازل ہو اور میرے مال پر بھی اور میرے

دِیْنِیْ. اَللّٰھُمَّ اَرْضِنِیْ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا

دین پر بھی برکت نازل ہو، اے اللہ اپنی قضا پر مجھکو راضی کردے اور جو میرے لئے مقدر ہو چکا ہے

قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا

اسی میں مجھے برکت عطا فرما تاکہ جو چیز تو نے مؤخر فرمادی ہے اس کی جلدی نہ کروں اور جسکو تو نے

تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ. اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَةِ.

فی الحال مقدر کردیا ہے اس کی تاخیر کی تمنا نہ کروں۔ اے اللہ بس عیش تو آخرت کا عیش ہے

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ

اے اللہ مجھے جیتا رکھ تو مسکین خاکسار جیتا رکھ اور اٹھا تو خاکسار اٹھا

احْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاکِیْنِ. اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ

اور جب میرا حشر ہو تو خاکساروں کی جماعت میں ہو۔ اے اللہ مجھے ان بندوں میں

Scanned by CamScanner

مِنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَحْسَنُوْا اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَآ اَسَآءُوْا

سے بنالے جو نیکی کریں تو خوش ہوں اور جب بُرا کام کریں تو مغفرت

اِسْتَغْفَرُوْا. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ

مانگیں۔ اے اللہ میں تجھ سے تیری خاص رحمت مانگتا ہوں کہ جس سے تو

تَهْدِیْ بِهَا قَلْبِیْ وَتَجْمَعُ بِهَآ اَمْرِیْ وَتَلُمُّ بِهَا

میرے دل کو ہدایت نصیب فرمادے اور میرے کام کو جمع کردے اور میری پریشان حالی

شَعَثِیْ وَتُصْلِحُ بِهَا دِیْنِیْ وَتَقْضِیْ بِهَا دَیْنِیْ وَ

کو دور فرمادے اور میرا دین سنوار دے اور میرا قرض ادا فرمادے اور جسکی وجہ سے تو میری

تَحْفَظُ بِهَا غَآئِبِیْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِیْ وَتُبَیِّضُ بِهَا

غیر حاضری کے معاملات کی نگہبانی فرمائے اور میری موجودگی کے حالات بلند کردے اور

وَجْهِیْ وَتُزَكِّیْ بِهَا عَمَلِیْ وَتُلْهِمُنِیْ بِهَا رُشْدِیْ وَ

میرے چہرے کو نورانی کردے اور میرے عمل کو شرک سے (ریا سے) پاک کردے اور میرے مقدر

تَرُدُّ بِهَآ اُلْفَتِیْ وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ. اَللّٰهُمَّ

کی ہدایت میرے دل میں ڈالدے اور میری الفت پھیر دے اور مجھکو ہر برائی سے بچالے اے اللہ

اَعْطِنِیْٓ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَیَقِیْنًا لَّیْسَ بَعْدَهٗ

مجھے وہ ایمان نصیب فرما جو زائل نہ ہوسکے اور ایسا یقین دے جس کے بعد

كُفْرٍ وَّرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِى الدُّنْيَا

کفر نہ ہو اور وہ رحمت عطا فرما جس کے سبب میں دنیا وآخرت میں تیری عطا کردہ بزرگی کا

وَالْاٰخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ فِى الْقَضَآءِ

شرف حاصل کرلوں۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم میں مراد پانا

وَنُزُلَ الشُّهَدَآءِ وَعَيْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ

اور شہیدوں کی مہمانی اور خوش نصیبوں کی زندگانی اور پیغمبروں کا

الْاَنْبِيَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ.

ساتھ اور دشمنوں پر فتحمندی بے شک تو دعاؤں کا بڑا سننے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِىْ وَاِنْ قَصُرَ رَاْيِىْ

اے اللہ میں اپنی حاجت تیرے سامنے پیش کرتا ہوں اگرچہ میری عقل

وَضَعُفَ عَمَلِىْ اِفْتَقَرْتُ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَاَسْئَلُكَ يَا

کوتاہ ہے اور میرے عمل کمزور ہیں، میں تیری رحمت کا محتاج ہوں پس اے مرادوں

قَاضِىَ الْاُمُوْرِ وَيَا شَافِىَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِيْرُ

کے پورا کرنے والے اور دلوں کے شفا دینے والے میں تجھ سے مانگتا

بَيْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِىْ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ

ہوں کہ جس طرح تونے فاصلہ کر رکھا ہے سمندروں میں ایسا ہی فاصلہ پر رکھ مجھکو دوزخ

Scanned by CamScanner

وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ. اَللّٰهُمَّ

کی آگ سے اور اس بات سے کہ دوزخ کی تکلیف سے واویلا کروں اور مجھکو پناہ دے قبروں کی آزمائش سے اے اللہ

مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِيْ وَلَمْ

جس بھلائی تک میری عقل کی رسائی نہ ہوسکی اور میرا عمل اس سے کوتاہ ہو اور میں اسکا سوال

تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْاَلَتِيْ مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا

اور آرزو نہ کرسکا ہوں اور تونے اپنی مخلوق میں کسی بندہ سے اسکا وعدہ فرمایا ہو یا کوئی ایسی

مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ

بھلائی ہو کہ اسکو تو اپنے بندوں میں کسی کو دینے والا ہو تو میں بھی تجھ سے اس بھلائی کا خواہشمند ہوں اور

فَاِنِّيْ اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَاَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ يَارَبَّ

اس کو تجھ سے مانگتا ہوں تیری رحمت کے وسیلے سے اے تمام جہانوں کے پالنے والے اے اللہ مضبوط

الْعٰلَمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ

عہد والے اور نیک کاموں کے مالک میں تجھ سے امن کا طالب ہوں عذاب کے دن اور جنت کا

الرَّشِيْدِ اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ

جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے ان لوگوں کے ہمراہ جو تیرے مقرب اور حضوری والے بندے ہیں

الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ

رکوع اور سجدہ میں پڑے رہنے والے ہیں اور عہدوں کو پورا کرنیوالے ہیں، بیشک تو بڑا

Scanned by CamScanner

الْمُوفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ اِنَّكَ تَفْعَلُ

اور بے شک تو کرتا ہے جو ۔ مہربان اور بہت محبت فرمانے والا ہے

مَا تُرِيْدُ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هٰدِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ

چاہے۔ اے اللہ تو ہم کو بنا لے دوسروں کو ہدایت کرنیوالا اور خود ہدایت یافتہ نہ ایسا کہ

ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ سِلْمًا لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا

خود بھی گمراہ ہوں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنیوالے ہوں، تیرے دوستوں کیلئے صلح کل اور تیرے دشمنوں

لِّاَعْدَآئِكَ نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ

کیلئے مجسم جنگ، جو تجھ سے محبت رکھے اس سے تیری محبت کی خاطر محبت رکھیں اور جو تیری

بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ. اَللّٰهُمَّ هٰذَا

مخلوق میں تیرا مخالف ہو اس کے دشمن بن جائیں تیری دشمنی کی وجہ سے، اے اللہ یہ دعا

الدُّعَآءُ وَعَلَيْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ

کرنا ہمارا کام ہے اور قبول فرمانے کا تیرا وعدہ ہے، یہ ہماری کوشش ہے اور بھروسہ

التُّكْلَانُ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ وَنُوْرًا

تیری ذات پر ہے۔ اے اللہ میرے دل میں نور ڈال دے اور میری قبر میں

فِيْ قَبْرِيْ وَنُوْرًا مِّنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَنُوْرًا مِّنْ خَلْفِيْ

نور اور میرے سامنے نور اور میرے پیچھے نور، میرے دائیں

وَنُوْرًا عَنْ يَّمِيْنِيْ وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِيْ وَنُوْرًا مِّنْ

نور، میرے بائیں نور، میرے اوپر نور اور میرے نیچے

فَوْقِيْ وَنُوْرًا مِّنْ تَحْتِيْ وَنُوْرًا فِيْ سَمْعِيْ وَنُوْرًا فِيْ

نور کردے اور میری سماعت میں نور اور میری آنکھوں

بَصَرِيْ وَنُوْرًا فِيْ شَعْرِيْ وَنُوْرًا فِيْ بَشَرِيْ وَنُوْرًا

میں نور اور میرے روئیں روئیں میں نور میرے پوست میں نور

فِيْ لَحْمِيْ وَنُوْرًا فِيْ دَمِيْ وَنُوْرًا فِيْ مُخِّيْ وَنُوْرًا فِيْ

میرے گوشت میں نور، میرے خون میں نور، میرے دماغ میں نور، میری ہڈی ہڈی میں نور

عِظَامِيْ. اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَّاَعْطِنِيْ نُوْرًا

کردے۔ اے اللہ میرے نور کو اور بڑا کردے، مجھ کو نور عطا فرما

وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّزِدْنِيْ نُوْرًا وَّزِدْنِيْ نُوْرًا وَّ

میرے لئے نور مقدر فرما اور میرے لئے اور بڑھادے نور

زِدْنِيْ نُوْرًا سُبْحَانَ الَّذِيْ تَعَطَّفَ بِالْعِزِّ وَ

اور بڑھادے نور، اور بڑھادے نور، پاک ہے وہ ذات عزت جس کی چادر

قَالَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِيْ لَبِسَ الْمَجْدَ وَتَكَرَّمَ بِهٖ

ہے اور عزت اس کا فرمان ہے اور بزرگی جس کا لباس ہے اور بزرگی جس کی بخشش ہے

سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ

پاک ہے وہ ذات کہ ہر عیب سے پاکی صرف اسی کے شایاں شان ہے، پاک ہے

مَنْ اَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ

وہ ذات جس کے علم میں ہر چیز ہے۔ پاک ہے وہ ذات جو بڑے فضل اور

وَالطَّوْلِ سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِی

بخشش والی ہے۔ پاک ہے وہ ذات جو بڑے احسان اور انعامات کی مالک ہے پاک ہے وہ ذات

الْمَجْدِ وَالْکَرَمِ سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

جو بڑے شرف وکرم والی ہے اور پاک ہے وہ ذات جو بڑے جلال واکرام کی مالک ہے،

اَللّٰهُمَّ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ

اے اللہ تو مجھے پلک جھپکنے بھر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کرنا اور جو عمدہ بات

مِنِّیْ صَالِحَ مَا اَعْطَیْتَنِیْ. اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ

تونے مجھ کو عطا فرمادی ہے اسکو مجھ سے نہ چھیننا۔ اے اللہ تو وہ خدا نہیں ہے جسکو

اِسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا بِرَبٍّ یَّبِیْدُ ذِکْرُهٗ اِبْتَدَعْنَاهُ

ہم نے خود تراش لیا ہو اور نہ وہ رب ہے جس کا ذکر ناپائدار ہو اور ہم نے اس کو

وَلَا عَلَیْكَ شُرَکَآءُ یَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا کَانَ لَنَا

ایجاد کیا ہو اور نہ تیرے کوئی شریک کار ہیں جو تیرے ساتھ فیصلے کرتے ہوں

Scanned by CamScanner

قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَلْجَأُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَا اَعَانَكَ عَلٰى

اور نہ تجھ سے پہلے ہمارا کوئی معبود تھا جس کی ہم پناہ لیتے ہوں اور تجھکو چھوڑ دیتے ہوں

خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنُشْرِكَهٗ فِيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

اور نہ ہمارے پیدا کرنے میں کسی اور نے تیری مدد کی ہے تاکہ ہم اس کو تیرا شریک

فَنَسْئَلُكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اغْفِرْ لِىْ. اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ

کریں تو بڑی برکت والا ہے بہت بلند و برتر ہے تو ہم تجھ سے ہی مانگتے ہیں معبود کوئی نہیں سوا

تَسْمَعُ كَلَامِىْ وَتَرٰى مَكَانِىْ وَتَعْلَمُ سِرِّىْ وَعَلَانِيَتِىْ

تیرے اسلئے ہمکو بخشدے اے اللہ تو میری بات سن رہا ہے اور میری جگہ دیکھ رہا ہے اور میرے

لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَىْءٌ مِّنْ اَمْرِىْ وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ

پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے میری کوئی بات تجھ سے چھپی نہیں اور میں سختی میں مبتلا ہوں

الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ

محتاج ہوں فریاد اور پناہ کا طلب گار ہوں، ڈر رہا ہوں، لرز رہا ہوں، اپنے گناہوں کا

الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِىْ اَسْئَلُكَ مَسْاَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَ

پورا پورا اقرار کرتا ہوں تجھ سے مانگتا ہوں میں مسکین کی طرح اور

اَبْتَهِلُ اِلَيْكَ اِبْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ

تیرے سامنے گڑگڑاتا ہوں ایک ذلیل مجرم کی طرح اور تجھ کو پکارتا ہوں

Scanned by CamScanner

دُعَآءَ الْخَآئِفِ الضَّرِيْرِ وَدُعَآءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ

جیسا کہ ایک مصیبت زدہ ڈرنے والا پکارتا ہے اور اسکی طرح پکارتا ہوں جسکی گردن تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو

وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ.

اور جس کے آنسو جاری ہوں اور جس کا جسم تیرے سامنے ذلیل پڑا ہو اور اس کی ناک خاک آلود ہو

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَآئِكَ شَقِيًّا وَّكُنْ لِّيْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا.

اے اللہ تو مجھ کو اس مانگنے میں محروم نہ فرمانا اور میرے لئے بڑا مہربان اور بڑا رحیم ہو جانا

يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ. اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ

اے ان سب سے بہتر جن سے سوال کیا جاتا ہے اور ان سب سے بڑھکر جو دینے والے ہیں۔ اے اللہ! میں

اَشْكُوْا ضُعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ

اپنی کمزوری کا گلہ اپنی بے تدبیری اور لوگوں کی نظروں میں اپنی ذلت کی شکایت تیرے ہی سامنے پیش کرتا

يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْٓ اِلٰى عَدُوٍّ

ہوں اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے تو مجھ کو کس کے حوالے کرے گا اس دشمن کے

يَّتَجَهَّمُنِيْٓ اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ مَّلَّكْتَهٗٓ اَمْرِيْٓ اِنْ لَّمْ تَكُنْ

جو مجھ سے بیزار ہوگا یا ایسے دوست کے جس کے ہاتھ میں دیگا میرا فیصلہ اگر تو مجھ سے ناراض نہ ہو

سَاخِطًا عَلَيَّ فَلَآ اُبَالِيْ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِيْٓ

تو اس کے بعد مجھ کو کسی بات کی کوئی پرواہ نہیں لیکن پھر بھی تیری جانب سے عافیت میں مجھے بہت بڑی

أَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْ أَضَاءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَ

گنجائش ہے (بہرحال اس کی ضرورت ہے) میں تیری اس کریم ذات کے نور کے وسیلہ سے تیری پناہ لیتا ہوں

أَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ وَصَلَحَ عَلَيْهِ أَمْرُ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

جس سے سب آسمان جگمگا رہے ہیں اور سب تاریکیاں روشن اور جس کی وجہ سے دنیا و آخرت کے کام درست ہیں

أَنْ تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ وَلَكَ

اس بات سے کہ تو مجھ پر غصہ ہو یا مجھ سے خفا ہو اور خفا ہونا تجھ کو زیبا

الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِكَ.

ہے یہاں تک کہ تو راضی ہوجائے تیری مدد کے بغیر ہم میں نہ کچھ قوت ہے نہ طاقت،

اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ. اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ

اے اللہ اس طرح حفاظت فرما جیسے بچہ کی حفاظت فرماتا ہے، اے اللہ ہم تجھ سے وہ دل مانگتے ہیں

قُلُوْبًا أَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ

جو خوب آہ وزاری کرنیوالا ہو، خوب گڑگڑانیوالا ہو، تیری راہ میں متوجہ ہونیوالا ہو۔ اے اللہ میں

أَسْئَلُكَ إِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰٓى

تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں رچ جائے اور وہ سچا یقین کہ

أَعْلَمَ أَنَّهُ لَا يُصِيْبُنِيْٓ إِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرِضًا مِّنَ

میں خوب جان لوں کہ جو بات تو نے میری تقدیر میں لکھ دی ہے بس وہی مجھ کو پیش آسکتی ہے اور رضامندی

الْمَعِيشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِي. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِي

مانگتا ہوں اس زندگانی پر جو تونے میرے لئے تقسیم فرمادی ہے۔ اے اللہ تیری تعریف ایسی جیسی

تَقُولُ وَخَيْرًا مِمَّا نَقُولُ. اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلَاتِي

خود تونے فرمائی اور اس سے بہتر جو ہم تیری تعریف کریں۔ اے اللہ میری نماز اور میری عبادت

وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي وَإِلَيْكَ مَآبِي وَلَكَ رَبِّ

میری زندگی اور میری موت سب تیرے لئے ہے اور اے اللہ میرا ٹھکانا تیری ہی ذات ہے اور میری

تُرَاثِي. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

وراثت تیری ہی ملک ہے۔ اے اللہ میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب سے

وَوَسْوَسَةِ الصَّدْرِ وَشَتَاتِ الْأَمْرِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي

اور سینہ کے وسوسوں سے اور اپنے معاملات کی پراگندگی سے۔ اے اللہ میں تجھ

أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيءُ بِهِ الرِّيَاحُ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ

سے وہ خیر مانگتا ہوں جو ہوائیں لے کر آتی ہیں اور تیری پناہ لیتا ہوں

شَرِّ مَا تَجِيءُ بِهِ الرِّيَاحُ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي أُعَظِّمُ

ان برائیوں سے جو ہوائیں لے کر آتی ہیں۔ اے اللہ مجھے تو ایسا بندہ بنالے کہ خوب تیرا

شُكْرَكَ وَأُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَأَتَّبِعُ نَصِيحَتَكَ وَأَحْفَظُ

شکر کیا کروں، تیری یاد کیا کروں اور مانوں تیری نصیحت، اور یاد رکھوں

Scanned by CamScanner

وَصِيَّتَكَ. اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا

اے اللہ ہمارے دل، ہماری پیشانیاں اور ہمارے سب اعضا تیرے تیرے حکم کو۔

بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِنَا

ہی ہاتھ میں ہیں ان میں سے کسی کا تو نے ہم کو مالک نہیں بنایا ہے پھر جب تو نے ہم کو ایسا بے بس پیدا

فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَآءِ السَّبِيْلِ. اَللّٰهُمَّ

فرمایا ہے تو اب تو ہی ہمارا کارساز بن جا اور ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت فرما۔ اے اللہ

اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ

مجھے اپنی محبت سب سے زیادہ پیاری کردے۔ اور اپنا خوف ہر چیز کے

اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِيْ وَاقْطَعْ عَنِّيْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا

خوف سے زیادہ بڑھادے اور اپنی ملاقات کی تڑپ عطا فرما اور دنیا کی سب

بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاِذَآ اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ

حاجتیں میرے دل سے نکال دے اور جب دنیا والوں کو دنیا دے کر ان کی

الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ مِنْ عِبَادَتِكَ.

آنکھیں ٹھنڈی کرے تو میری آنکھیں اپنی عبادت سے ٹھنڈی کرنا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دو اندھوں کے شر سے، ایک سیل کا پانی دوسرے

Scanned by CamScanner

وَالْبَعِيْرِ الصَّؤُوْلِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الصِّحَّةَ وَ

حملہ آور اونٹ (دونوں کا رخ جدھر ہو جائے اندھا دھند ہوتا ہے) اے اللہ میں تجھ سے تندرستی اور پاکدامنی

الْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَاءَ بِالْقَدَرِ

کا طالب ہوں اور دیانتداری اور اچھے اخلاق کا اور قضا و قدر پر راضی رہنے کا طلب گار ہوں۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا. اَللّٰهُمَّ

اے اللہ تیرے ہی لئے سب تعریفیں ہیں شکر کے ساتھ اور تیرے ہی لئے احسان ہے فضل کے ساتھ۔ اے

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَ

اللہ میں تجھ سے ایسے عملوں کی توفیق چاہتا ہوں جو تیری پسند کے ہوں اور تیری

صِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ.

ذات پر سچا بھروسہ اور تیری ذات سے نیک گمان رکھنا طلب کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِیْ

اے اللہ میرے دل کے کان اپنے ذکر کے لئے کھول دے اور اپنی اور اپنے

طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ.

رسول کی حکم برداری اور اپنی کتاب قرآن پر عمل کرنا مجھے نصیب فرمادے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْ اَرَاكَ اَبَدًا

اے اللہ مجھے ایسا بندہ بنا لے کہ تجھ سے اس طرح ڈرا کروں جیسا کہ تجھ کو اپنی آنکھوں

Scanned by CamScanner

حَتّٰى اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِىْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِىْ

سے دیکھ رہا ہوں اور مجھ کو تقویٰ کی سعادت نصیب فرما اور اپنی نافرمانی کی وجہ

بِمَعْصِيَتِكَ وَخِرْلِىْ فِىْ قَضَائِكَ وَبَارِكْ لِىْ فِىْ

سے مجھ کو بدبخت نہ بنا اور پسند فرمالے میرے لئے اپنے حکم میں اور مجھے

قُدْرَتِكَ حَتّٰى لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا

اس میں برکت عطا فرما تاکہ جو بات تو نے بعد میں رکھ دی ہو اس کی جلدی نہ کروں اور

تَأْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ وَاجْعَلْ غِنَائِىْ فِىْ نَفْسِىْ.

جواب تو نے دیدی ہے اس کے بعد میں ہونے کی تمنا نہ کروں اور میرے جی میں بے نیازی پیدا فرمادے

اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِىْ فِىْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ

اے اللہ تو مہربانی فرما مجھ پر ہر مشکل کے آسان کرنے میں بے شک

تَيْسِيْرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ وَّاَسْئَلُكَ

ہر مشکل کا آسان کرنا تیرے لئے بالکل آسان ہے اور میں تجھ سے آسانی

الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ.

اور معافی کا طالب ہوں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی

اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّىْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ.

اے اللہ مجھ کو معاف فرمادے کیوں کہ تو بڑا درگذر فرمانے والا اور بخشش کرنے والا ہے۔

Scanned by CamScanner

اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ فِیْ یَوْمِ الْاَرْبَعَاۗءِ

پانچویں منزل بدھ کی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَاۗءِ

اے اللہ میرا دل پاک کردے نفاق سے اور میرا عمل ریا سے

وَلِسَانِیْ مِنَ الْکِذْبِ وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَۃِ فَاِنَّکَ

اور میری زبان جھوٹ سے اور میری آنکھ خیانت سے کیونکہ تو خوب

تَعْلَمُ خَاۗئِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ. اَللّٰھُمَّ

جانتا ہے آنکھوں کی چوری اور جو سینوں میں چھپا ہوا ہے۔ اے اللہ

اُرْزُقْنِیْ عَیْنَیْنِ ھَطَّالَتَیْنِ تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ

مجھکو ایسی دو آنکھیں دیدے جو آنسو برسانے والی ہوں اور سیراب کریں دل کو

الدَّمْعِ مِنْ خَشْیَتِکَ قَبْلَ اَنْ تَکُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا

آنسو بہا بہا کر مارے تیرے خوف کے اس دن سے پہلے کہ آنسو بہتے بہتے خون بن جائیں

وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا. اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ قُدْرَتِکَ

اور ڈاڑھیں ٹھیکروں کی طرح (خشک) ہوجائیں اے اللہ عافیت بخش اپنی قدرت سے

Scanned by CamScanner

وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ رَحْمَتِكَ وَاقْضِ اَجَلِیْ فِیْ طَاعَتِكَ وَ

اور مجھ کو داخل فرمالے اپنی رحمت میں اور میری عمر کاٹ دے اپنی بندگی میں

اخْتِمْ لِیْ بِخَیْرِ عَمَلِیْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ. اَللّٰهُمَّ

اور میرا خاتمہ فرمادے اچھے عمل پر اور اس کا ثواب جنت بنا دے

اَغْنِنِیْ بِالْعِلْمِ وَزَیِّنِّیْ بِالْحِلْمِ وَاَكْرِمْنِیْ

اے اللہ مجھے علم دیکر بے نیاز کردے اور بُردباری سے سرفراز فرماکر زینت بخش

بِالتَّقْوٰی وَجَمِّلْنِیْ بِالْعَافِیَةِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ

اور تقویٰ نصیب فرماکر بزرگی عطا کر اور عافیت بخش کر مزین فرما، اے اللہ میں تیری پناہ

مِنْ خَلِیْلٍ مَّاكِرٍ عَیْنَاهُ تَرَیَانِیْ وَقَلْبُهٗ یَرْعَانِیْ

لیتا ہوں ایسے مکّار دوست سے جس کی آنکھیں مجھکو دیکھیں اور اس کا دل میری

اِنْ رَّاٰی حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَةً اَذَاعَهَا.

ٹوہ میں لگا ہے اگر کوئی نیکی دیکھے تو اس کو چھپالے اور بُرائی دیکھ پائے تو اسکو پھیلاتا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ.

پھرے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں تنگدستی کی مصیبت سے اور حد سے گذری ہوئی تنگدستی سے

اَللّٰهُمَّ لَا یُدْرِكْنِیْ زَمَانٌ وَّلَا یُدْرِكُوْا زَمَانًا لَّا

اے اللہ ایسا زمانہ مجھ کو ملے اور نہ دوسروں کو جس میں

يُتَّبَعُ فِيْهِ الْعَلِيْمُ وَلَا يُسْتَحْىٰ فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ

عالم کی پیروی نہ کی جائے اور بردبار آدمی سے شرم نہ رہے ان کے

قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ

دل عجمیوں کے سے ہوں اور زبانیں عرب کی سی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں قرض کی زیادتی اور دشمن

الْعَدُوِّ وَمِنْ بَوَارِ الْاَيِّمِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ

کے غلبہ سے اور رانڈ بی بی کی بربادی سے اور مسیح دجال

الدَّجَّالِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ

کے فتنہ سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَتَّخِذُ

اور تیری پناہ لیتا ہوں قبر کے فتنہ سے۔ اے اللہ میں تجھ سے عہد

عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّمَا

لیتا ہوں تو مجھ سے ہرگز اس کے خلاف نہ کرے گا' اس میں تو شبہ ہی نہیں کہ

مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗٓ اَوْ شَتَمْتُهٗٓ اَوْ جَلَدْتُّهٗٓ اَوْ لَعَنْتُهٗ

میں ایک بشر ہی ہوں تو جس کسی مومن کو میں نے تکلیف دی ہو یا اسکو برا بھلا کہدیا ہو

Scanned by CamScanner

فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَكٰوةً وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَيْكَ.

یا اس کو کوڑے لگائیگا حکم دیدیا ہو یا بشریت کی بناپر اس پر لعنت کی ہو تو اسکے حق میں تو

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَ

اسکو رحمت پاکی اور ایسی قربت کا ذریعہ بنادے کہ اس کی وجہ سے تو اسکو اپنا مقرب بنالے اے اللہ تونے

مَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ

ہی میری جان کو پیدا فرمایا ہے اور تو ہی اس کو اٹھائیگا اسکا مرنا بھی تیرے لئے ہے اور جینا بھی تیرے لئے

الصَّالِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا. اَللّٰهُمَّ

اگر اسکو زندہ رکھنا ہو تو اسکو بچائے رکھنا ان باتوں سے جن سے تو اپنے نیک بندوں کو بچاتا ہے اور اگر موت

اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ. اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَ

دینا ہو تو اسکو بخش دینا اور اس پر رحم فرمانا، اے اللہ میں تجھ سے عافیت مانگتا ہوں اے اللہ میری شرمگاہ

يَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ

کو محفوظ رکھنا اور میری مشکل آسان فرمانا۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں پورا پورا وضو کرنا اور پوری

وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ.

پوری نماز ادا کرنی اور پوری پوری تیری رضامندی اور پوری پوری تیری بخشش

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ. اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ

اے اللہ میرا اعمالنامہ میرے دائیں ہاتھ میں دینا۔ اے اللہ جس دن نیکوں کے چہرے

Scanned by CamScanner

وَجْهِي يَوْمَ تَبْيَضُّ الْوُجُوهُ. اَللّٰهُمَّ غَشِّنِي

نورانی ہوں گے اس دن میرا چہرہ بھی نورانی کرنا۔ اے اللہ مجھے ڈھانک لے اپنی

بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِي عَذَابَكَ. اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ

رحمت سے اور اپنے عذاب سے بچالے۔ اے اللہ جس دن قدم

قَدَمَيَّ يَوْمَ تَزِلُّ فِيهِ الْاَقْدَامُ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا

ڈگ مگائیں گے اس دن تو میرے قدم جمائے رکھنا، اے اللہ ہمکو کامیاب

مُفْلِحِينَ. اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوبِنَا بِذِكْرِكَ وَ

بنادے۔ اے اللہ ہمارے دلوں کے قفل اپنی یاد سے کھول دے

اَتْمِمْ عَلَيْنَا بِنِعْمَتِكَ وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَ

اور اپنی نعمت ہم پر پوری فرمادے اور اپنا فضل کامل کردے

اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيٓ

اور اپنے نیک بندوں میں بنالے۔ اے اللہ میں تیری

اَعُوذُبِكَ مِنْ اِبْلِيسَ وَجُنُودِهٖ. اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيٓ

پناہ لیتا ہوں شیطان سے اور اس کے لشکر سے، اے اللہ جو بڑے بڑے

اَفْضَلَ مَا تُؤْتِي عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيٓ

انعامات تو نے اپنے نیک بندوں پر فرمائے ہیں وہ مجھکو بھی عطا فرما، اے اللہ میں

Scanned by CamScanner

اَعُوْذُبِكَ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْهَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ.

تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تو قیامت میں اپنا رُخ مجھ سے پھیر لے

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَمِتْنِیْ مُسْلِمًا. اَللّٰهُمَّ

اے اللہ مجھ کو مسلمان زندہ رکھنا اور مسلمان ہی موت دینا۔ اے اللہ

عَذِّبِ الْكَفَرَةَ وَاَلْقِ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ وَ

کافروں کو عذاب دے اور ان کے دل میں دہشت ڈال دے اور

خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَنْزِلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ

ان کے مشوروں میں پھوٹ ڈال دے اور ان پر اپنا قہر توڑ اور اپنا

وَعَذَابَكَ. اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ اَهْلَ الْكِتٰبِ وَ

عذاب نازل فرما۔ اے اللہ کافروں کو وہ اہل کتاب ہوں یا مشرک

الْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ يَجْحَدُوْنَ اٰيٰتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ

سب کو عذاب دے جو تیری آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور تیرے

رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَكَ

رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیری راہ سے دوسروں کو روکتے ہیں اور تیری مقرر کردہ

وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

حدوں کو توڑتے ہیں اور تیرے ساتھ دوسرے خدا کو پکارتے ہیں اور خدا

Scanned by CamScanner

تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ الظَّالِمُوْنَ عُلُوًّا

کوئی نہیں صرف تو ہے بڑی برکت والا اور بہت دور ان باتوں سے جو ناانصاف

كَبِيْرًا. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

لوگ اپنے منھ سے بکتے ہیں۔ اے اللہ تو ہم کو بخشدے اور سب ایماندار مرد اور سب ایماندار عورتوں اور

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ

سب مسلمان مرد اور سب مسلمان عورتوں کو بخشدے اور انکی اصلاح فرمادے اور اُن کے باہم

بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

معاملات کی اصلاح فرمادے اور ان کے دلوں میں الفت ڈالدے اور ان کے

الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَ

قلوب میں ایمان اور سمجھ کی باتیں بھردے اور ان کو اپنے رسول کے دین پر جمائے

اَوْزِعْهُمْ اَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

رکھ اور اس کی توفیق عطا فرما کہ جو نعمت تونے ان پر فرمائی ہے اس کا شکر

وَاَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَ

ادا کریں اور تیرا وہ عہد جو تونے ان سے لیا ہے پورا کریں اور فتح دے ان کو ان پر

انْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ

جو تیرے بھی دشمن ہیں اور ان کے بھی، اے سچے معبود تیری ذات پاک ہے

Scanned by CamScanner

لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ

تیرے سوا معبود کوئی نہیں، میرے گناہ بخش دے اور میرے عمل درست فرمادے

اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ

کیوں کہ تو گناہ معاف کر دیتا ہے جس کے چاہے اور تو ہی ہے بڑا معاف کرنیوالا

الرَّحِيْمُ يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ يَا

بڑا رحم کرنیوالا، اے وہ جس کا نام غفار ہے میری بھی مغفرت فرمادے، اے وہ جس کا نام توّاب

رَحْمٰنُ ارْحَمْنِيْ يَا عَفُوُّ اعْفُ عَنِّيْ يَا رَءُوْفُ ارْأُفْ

ہے میری توبہ بھی قبول فرمالے، اے وہ جس کا نام رحمٰن ہے مجھ پر بھی رحم فرمادے، اے وہ جس کا

بِيْ يَا رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ

نام عفو ہے مجھ سے بھی درگذر فرمادے، اے وہ جس کا نام رؤف ہے مجھ پر بھی مہربان ہوجا، اے

عَلَيَّ وَطَوِّقْنِيْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ يَا رَبِّ اَسْئَلُكَ مِنَ

میرے رب مجھے توفیق دے کہ جو نعمت تونے مجھ پر فرمائی ہے اس کا شکرادا کیا کروں اور قوت عطا

الْخَيْرِ كُلِّهٖ يَا رَبِّ افْتَحْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاٰتِنِيْ تَشَوُّقًا اِلٰى

فرما اچھے طریق سے اپنی عبادت کرنیکی اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر بھلائی کا، اے رب میرے لئے

لِقَآئِكَ مِنْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

بھلائی کا دروازہ کھولدے اور بھلائی پر پیرا خاتمہ کر اور اپنی ملاقات کی تڑپ دے ایسی مصیبت سے

وَقِنِي السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ

بچاکر جو نقصان رساں ہو اور ہر فتنہ سے محفوظ رکھ کر جو گمراہ کرنے والا ہو اور سب برائیوں سے مجھکو بچائے رکھ اور جسکو

رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ.

اُس دن تو نے برائیوں سے بچالیا اس پر بس بڑا ہی کرم کیا اور یہی بڑی کامیابی کی بات ہے،

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ وَلَكَ

اے اللہ سب تعریفیں تیری ہیں اور سارا شکر بھی تیرے لئے ہے

الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ بِيَدِكَ الْخَيْرُ

اور سب ملک تیرا ہے اور تمام مخلوق تیری ہے سب بھلائی تیرے ہی قبضہ

كُلُّهٗ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ

میں ہے اور ہر معاملہ آخر کار تیرے ہی سامنے آتا ہے لہٰذا ہر بھلائی تجھ سے ہی مانگتا ہوں اور ہر

كُلِّهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ بِسْمِ اللّٰهِ

شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اس اللہ کے نام کی برکت سے جس کے سوا

الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ. اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَ

معبود کوئی نہیں ہے۔ اے اللہ میرے دل سے فکر اور غم

الْحُزْنَ. اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِيْ

اے اللہ میں تیری تعریف کرتا ہوں، تیری طرف آتا ہوں اور اپنے گناہوں کا سب نکالدے۔

Scanned by CamScanner

اعترفت اعوذ بك من شرِّ ما اقترفت واعوذ

اقرار کرتا ہوں اور جو کرتوت میرے ہیں ان سب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

بك من جهد البلآء ومن عذاب الاخرة.

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں آزمائش کی سختی سے اور آخرت کے عذاب سے

اللهم انّي اعوذ بك من كلّ عمل يّخزيني

اے اللہ میں تیری پناہ کا طالب ہر ایسے عمل سے جو مجھے رسوا کردے اور تیری پناہ لیتا

واعوذ بك من كلّ صاحب يّؤذيني و

ہوں ہر ایسے دوست سے جو مجھے تکلیف دے اور تیری پناہ لیتا ہوں ہر ایسی اُمید سے جو

اعوذ بك من كلّ امل يّلهيني واعوذ

مجھکو غافل بنادے اور تیری پناہ لیتا ہوں ہر ایسی احتیاج سے جو مجھے نسیان میں ڈالدے

بك من كلّ فقر يّنسيني واعوذ بك

اور تیری پناہ لیتا ہوں ہر ایسے غنا سے جو مجھے سرکش بنادے، اے اللہ میرے خدا اور

من كلّ غنى يّطغيني. اللهمّ الهي و

ابراہیم اور اسحق اور یعقوب کے خدا اور جبرئیل اور میکائیل اور

اله ابراهيم واسحق ويعقوب واله

اسرافیل کے خُدا میں تجھ سے مانگتا ہوں، یہ بات کہ تو میری دُعا

جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَاَسْئَلُكَ

قبول ہی فرمالینا کیونکہ مجبور بندہ ہوں اور میرا دین

اَنْ تَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِيْ فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَّتَعْصِمَنِيْ فِيْ

بچالے کیوں کہ اب میں پھنس گیا ہوں اور لے لے

دِيْنِيْ فَاِنِّيْ مُبْتَلًى وَّتَنَالَنِيْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّيْ

